# جرمنی

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## جرمن سفارت خانہ، اسلام آباد

اسلام آباد میں جرمن سفارت خانہ رمنا5، ڈپلومیٹک انکلیو-اسلام آباد پاکستان میں واقع ہے۔
یہاں جرمنی کے لیے ویزے کی مختلف کیٹگریوں اور ان کے لیے ضروری شرائط کے متعلق معلومات دی جارہی ہیں۔
جرمن سفارت خانہ، اسلام آباد کے قونصلر/ویزا سیکشن میں جانے کے لیے آپ کو ڈپلومیٹک شٹل استعمال کرنا ہو گی۔ شٹل کا سٹاپ قائداعظم یونیورسٹی روڈ، جی-5 اسلام آباد کے قریب تھرڈ ایونیو پر واقع ہے۔
براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ جرمن سفارت خانہ اسلام آباد میں ویزا، پاسپورٹ اور تصدیق کے لیے تمام اپائنٹمنٹس صرف آن لائن لی جاسکتی ہیں۔ خصوصی اپائنٹمنٹس کے لیے درخواستوں کا جواب نہیں دیا جائے گا، ماسوائے انسانی بنیادوں پر باجواز ہنگامی صورتوں کے۔
سندھ اور بلوچستان میں رہنے والے درخواست گزاروں سے گزارش ہے کہ وہ نیچے دیے گئے لنک کے ذریعے جرمن قونصلیٹ جنرل کراچی میں اپنی اپائنٹمنٹس لیں۔ آن لائن اپائنٹمنٹ کے بغیر ویزا کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ یاد رکھیں کہ جرمن قونصلیٹ جنرل کراچی میں آن لائن اپائنٹمنٹ سسٹم صرف ویزا کی درخواست دینے والوں کے لیے ہے۔ پاسپورٹ اور تصدیق کے لیے کسی اپائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں، آپ سوموار تا جمعرات دوپہر 1:30 کے بعد اور جمعہ کو دوپہر 12 بجے تشریف لا سکتے ہیں۔

براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ پاکستان جرمن ڈپلومیٹک مشنز نے ویزا ایپلی کیشن سروسز کا اختیار کسی نجی ادارے/ٹریول ایجنٹ کو نہیں دے رکھا۔
اسلام آباد میں سفارت خانے کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ:
https://service2.diplo.de/rktermin/extern/choose_realmList.do?locationCode=isla&request_locale=en

قونصلیٹ جنرل کراچی کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ (سندھ، بلوچستان)
https://service2.diplo.de/rktermin/extern/choose_realmList.do?locationCode=kara&request_locale=en

## سفارت خانے سے رابطے کے لیے عمومی معلومات:

پتہ:
رمنا5، ڈپلومیٹک انکلیو، سیکٹر جی-5،
اسلام آباد، پاکستان۔

**ٹیلی فون:** 051-2279430
**فیکس:** 051-2279436
**ای میل:** info@isla.diplo.de

## ویزا فیس

اسلام آباد سفارت خانے میں درخواستوں کے لیے یاد رکھیں کہ درخواست دینے کے وقت 500 روپے کی رقم واجب الادا ہے تاکہ کوریئر سروس کے ذریعے سے پاسپورٹس واپس بھیجے جائیں۔
درخواست جمع کرواتے وقت آپ کو ایک پے سلپ دی جائے گی۔ براہِ مہربانی یہ سلپ صرف سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، ڈپلومیٹک انکلیو برانچ میں لے جائیں اور ویزا فیس ادا کریں۔ بینک آپ کی طرف سے کی گئی ادائیگی کی اطلاع سفارت خانے کو دے گا۔ بینک 700 روپے فیس لے گا۔
اگر آپ کی اپائنٹمنٹ والے دن بینک کی چھٹی ہوئی تو فیس کی ادائیگی اُسی روز نہیں ہو سکتی۔
قونصلیٹ جنرل کراچی میں درخواستیں دینے والے نوٹ کر لیں کہ درخواست جمع کرواتے وقت ویزا فیس (پاکستانی روپوں میں) نقد جمع کروانا ہو گی۔

| ویزا کی قسم | فیس |
|---|---|
| Schengen ویزا / مختصر مدت کا ویزا (کیٹگری "سی") | 60€ (روپوں میں) |
| ایئرپورٹ ٹرانزٹ (کیٹگری "اے") | 60€ (روپوں میں) |
| نیشنل جرمن ویزا (مثلاً سٹڈی فیملی ری یونین وغیرہ) (طویل مدت کا ویزا۔ کیٹگری "ڈی") | 75€ (روپوں میں) |
| 0 تا 17 سال کی عمر کے بچوں کے لیے فیملی ری یونین | 37,50€ (روپوں میں) |
| یورپی یونین کے شہریوں کا شوہر یا بیوی / بچے | ویزا فیس سے مستثنیٰ |

## مختصر مدت کا / Schengen ویزا

مختصر المدت ویزے (90 دن تک قیام کے لیے)

یہاں آپ کو ویزا کی درخواست دینے کے لیے درکار تمام معلومات اور تقاضے ملیں گے۔ درخواست فارمز پی ڈی ایف فائلوں کی شکل میں ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

"Schengen ریاستوں" میں داخل ہونے سے قبل آپ کو ویزا لینے کی ضرورت ہے۔ "Schengen ویزے" مختصر مدت کے ویزے ہیں جو 180 دن کے عرصے میں 90 دن تک قیام کے لیے ہیں۔ اگرچہ اوپر مذکور ریاستوں میں سے کسی ایک کی طرف سے جاری کردہ ویزے دیگر Schengen ریاستوں کے لیے بھی کارآمد ہوتے ہیں، لیکن آپ کو اُس ملک کے قونصلیٹ یا سفارت خانے میں درخواست دینا پڑتی ہے جو آپ کی اصل منزل ہے۔

سندھ اور بلوچستان کے رہائشیوں کو قونصلیٹ جنرل کراچی میں اپلائی کرنا پڑے گا۔

پاکستان میں دیگر صوبوں اور علاقوں کے رہائشی اسلام آباد میں جرمن سفارت خانے میں درخواست دیں گے۔

نیچے دیے گئے لنک کو کلک کر کے آن لائن اپلی کیشن فارم حاصل کیا جا سکتا ہے:

https://videx.diplo.de/videx/desktop/index.html#start

## ویزے کے لیے درخواست دینے کا طریقہ

ویزے کی درخواستیں صرف ذاتی طور پر ہی جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

**اسلام آباد سفارت خانے میں** ویزا اپائنٹمنٹس صرف آن لائن دی جاتی ہیں۔

**صرف اسلام آباد سفارت خانے کے لیے کارآمد:** اکثر سفر کرنے والے کو اپائنٹمنٹ لینے کی ضرورت نہیں ہوتی (لیکن 2 نومبر 2015ء کے بعد اگر اُن کے فنگر پرنٹس نہ لیے گئے ہوں تو ذاتی طور پر آنا پڑتا ہے)۔ اکثر سفر کرنے والا شخص وہ ہے جس نے 2 مختصر مدت کے ویزوں پر گزشتہ 24 ماہ میں Schengen ممالک کا دو مرتبہ سفر کیا ہو، یا ایسا شخص جو گزشتہ 24 ماہ میں طویل مدت ویزا پر Schengen ممالک میں ایک مرتبہ گیا ہو اور اِسے قانونی انداز میں استعمال کیا ہو۔ درخواستیں ہر کام کے دن صبح 10 بجے سے پہلے فائل کرنا ہوتی ہیں۔

## Schengen ویزا کے لیے ضروری باتیں

### ویزا کے تقاضے – Schengen

**نابالغوں کی ویزا درخواستوں** میں اُن کے والدین / سرپرستوں کا تحریری اجازت نامہ بھی شامل ہونا چاہیے۔

مختصر مدت کے ویزا کی درخواستوں کے لیے **پروسیسنگ ٹائم** اپائنٹمنٹ کے بعد **تقریباً چودہ دن** ہو گا۔ بالخصوص موسمِ گرما کے دوران شاید اپائنٹمنٹ ملنے میں چار ہفتے سے زیادہ عرصہ لگ جائے۔ چنانچہ جب آپ سفر کرنا چاہتے ہوں تو جلد از جلد اپائنٹمنٹ لیں اور اپنا انٹرویو ہو جانے تک ضروری دستاویزات اکٹھی کریں۔

اسلام آباد سفارت خانے میں **انفرادی کیسز کے لیے انکوائریاں** صرف تحریری طور پر جمع کروائی جاسکتی ہیں اور اِن پر درخواست دہندہ یا اُس کے قانونی نمائندے کے دستخط ہونے چاہئیں۔ چنانچہ اس قسم کی انکوائریاں ای میل کے ذریعے نہیں کی جاسکتیں۔ ایسا کیا جانے پر اُن کا جواب نہیں دیا جائے گا۔

براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ **موبائل فونز** اور **تھیلے** جرمن مشنز کی عمارتوں میں نہیں لے کر جاسکتے۔

| | |
|---|---|
| اسلام آباد سفارت خانہ – ویزا سیکشن | ٹیلی فون: (0092-51) 2279430-35<br>فیکس: (0092-51) 227 8917<br>ای میل: visainfo@ isla.diplo.de |
| ویزا سیکشن کھلنے کے اوقات | سوموار تا جمعہ: 8:00 تا 12:00 |
| پاسپورٹس کی وصولی | منگل تا جمعرات: 8:00 |
| فون کے ذریعے عمومی انکوائریز | سوموار تا جمعرات: 14:00 تا 16:00<br>براہِ مہربانی مخصوص ویزا درخواست کی حیثیت کے متعلق نہ پوچھیں |
| اضافی / رہ جانے والے دستاویزات صرف ویزا سیکشن کے کہنے پر جمع کروائے جاسکتے ہیں | صرف سوموار اور منگل کو، 8:00 تا 10:00 |

| | |
|---|---|
| قونصلیٹ جنرل کراچی–ویزا سیکشن | ٹیلی فون: (0092-21) 3587 3782<br>فیکس: (0092-21) 3582 1597 |
| ویزا سیکشن کھلنے کے اوقات | سوموار تا جمعہ: 8:30 تا 11:00 |
| پاسپورٹس کی وصولی | منگل تا جمعرات: 8:00 |
| فون کے ذریعے عمومی انکوائریز | سوموار تا جمعرات: 14:00 تا 15:00<br>جمعہ: 12:00 تا 13:00 |

## یورپی یونین میں داخل ہونے یا باہر آنے کے وقت 10000 یورو یا زائد نقد رقم کے متعلق بتانے کا فریضہ

15 جون 2007ء کے بعد 10,000€ یا زائد نقم لے کر یورپی یونین میں آنے یا وہاں سے باہر جانے والے تمام مسافروں پر لازم ہے کہ وہ کسٹمز کو آگاہ کریں۔ یہ اقدام یورپی یونین کی سطح پر جرائم سے نمٹنے اور سیکیورٹی بہتر بنانے کے سلسلے میں مدد کے لیے کیا گیا ہے تاکہ منی لانڈرنگ، دہشت گردی اور مجرمانہ سرگرمیوں کو روکا جا سکے۔

## اسلام آباد سفارت خانے کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ

https://service2.diplo.de/rktermin/extern/choose_realmList.do?locationCode=isla&request_locale=en

## قونصلیٹ جنرل کراچی کے لیے آن لائن اپائنٹمنٹ

https://service2.diplo.de/rktermin/extern/choose_realmList.do?locationCode=kara&request_locale=en

## کاروبار / تجارتی میلے / نمائش کے لیے ویزا

ویزا اکاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کے لیے آپ سے گزارش ہے کہ دستاویزات عین اُسی ترتیب میں پیش کریں جیسا کہ ہماری ڈاکومنٹ گائیڈ میں بتایا گیا ہے۔
https://pakistan.diplo.de/blob/1673198/69e7a417b665b9f4f5e39dd9005b3c99/orderbusinessvisa-data.pdf

1. درخواست گزار مختصر قیام کے لیے ویزا کا درخواست فارم پُر کر کے دستخط کرے۔
https://pakistan.diplo.de/blob/1673146/01d15e9b3a05c37933dcd9b89fb59624/application-shortterm-data.pdf
2. درخواست گزار کی دو حالیہ تصاویر، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ۔ براہِ مہربانی تصویر کے سائز کے متعلق تفصیلات دیکھیں۔
3. جرمنی میں قائم بزنس پارٹنر، پرائیویٹ یا پبلک ادارے کی طرف سے ایک دعوت نامہ جو درخواست گزار کے نام ہو اور اِس میں دورے کا مقصد اور تاریخیں درج ہوں۔

تجارتی میلوں کے لیے ویزا: میلوں پر آنے والوں اور نمائش لگانے والوں کو کسی دعوت نامے کی ضرورت نہیں۔ بطور وزیٹر اداشدہ ٹکٹ یا سٹال بکنگ کا ثبوت، ٹکٹ، نمائش لگانے والے کے طور پر انوائس اور ادائیگی TDAP گروپ کے شرکا کے لیے بھی) اور ہوٹل کی بکنگ جمع کروانا ہوگی۔

4. درخواست گزار کی کمپنی / ایمپلائر کی جانب سے دستخط شدہ اصل لیٹر جس میں نام، عہدہ، تنخواہ، ملازمت کا دورانیہ، ایمپلائر کا ایڈریس اور نمبرز برائے رابطہ، Schengen ریاست یا ریاستوں میں جانے کا مقصد اور دورانیہ دیا گیا ہو۔ کاروباری رابطوں کا ثبوت، مثلاً ایکسپورٹ پیپرز، وغیرہ۔
5. کمپنی / تنظیم کی آمدنی کے دستاویزات:
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔
   - چیمبر آف کامرس کا سرٹیفکیٹ جو جاری سال کے لیے کارآمد ہو۔
   - چیمبر آف کامرس کی جانب سے بزنس ویزا کے لیے تعارفی لیٹر۔
6. تصدیق شدہ ہوٹل کی ریزرویشن اور فلائٹ ریزرویشن کی کاپی۔
7. ایک عام پاسپورٹ یا دیگر باضابطہ سفری دستاویزات جو اپلائی کیے گئے ویزا کی مدت ختم ہونے کے بعد کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو۔ اس ڈاکومنٹ میں کم از کم دو صفحات خالی ہونے چاہئیں۔ براہِ مہربانی سابقہ پاسپورٹ (اگر ہوں) بھی ساتھ لائیں اور درخواست کے ساتھ A4 سائز کے کاغذ پر استعمال شدہ صفحات کی کاپیاں، Schengen، یو ایس، یو کے، کینیڈا، آسٹریلیا کے ویزوں کی کاپیاں منسلک کریں۔ اپنے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، اگر سابقہ پاسپورٹ گم گئے ہیں تو پولیس رپورٹ۔
8. اگر کسی سفارت خانے یا ہائی کمیشن نے آپ کو ویزا دینے سے انکار کیا ہے تو جانے کی وجہ کی تحریری وضاحت اور انکاری لیٹر۔
9. ذاتی آمدنی کا ثبوت پیش کرنے والے دستاویزات۔
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔
   - گزشتہ تین تنخواہوں کی سلپس۔

اگر درخواست گزار ایک کمپنی کا مالک (پروپرائیٹر) ہے تو اُسے مندرجہ ذیل منسلک کرنا ہوں گے:

- گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
- گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔

10. بچوں کی فہرست:
https://pakistan.diplo.de/blob/1673202/763fe5f1db602e11245d926d662688b9/listekinder-data.pdf

11. اپوائنٹمنٹ کی تصدیقی ای میل اور پاسپورٹ واپس لینے کے لیے AMEX سلپ۔

12. 54 II AufenthG § کے مطابق حلفیہ بیان۔

13. کم از کم 30000 یورو کی ٹریول میڈیکل انشورنس پالیسی کی اصل اور کاپی۔ پالیسی میں Schengen علاقے میں قیام کے کارآمد عرصے تک میڈیکل اور ہسپتال میں علاج کے اخراجات کا احاطہ ہوا ہونا چاہیے اور واپس وطن لانے کے اخراجات بھی شامل ہوں۔
پاکستان میں مجاز انشورنس کمپنیوں (جنھیں اسلام آباد میں Schengen پارٹنرز نے منظور کیا ہے) کی فہرست دیکھیں: 6_Health_insurances_Seite۔
طویل المدت ویزا اپلائی کرنے کی صورت میں حلفیہ بیان۔
https://pakistan.diplo.de/pk-en/service/05-VisaEinreise/6-health-insurances-seite/1673134

14. پاکستان میں مقیم کسی اور ملک کے شہریوں کو اپنی قانونی حیثیت کے ثبوت میں دستاویزات اور یہاں رہائش کا مجاز دورانیہ مہیا کرنا ہوگا۔
اصل دستاویزات میں سے جن کی ضرورت نہ ہوئی وہ پاسپورٹ کے ہمراہ واپس کر دیے جائیں گے، لیکن صرف اُس صورت میں جب درخواست گزار نے استدعا کے مطابق کاپیاں مہیا کی ہوں۔

ویزا کاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کی خاطر آپ سے درخواست ہے کہ دستاویزات عین اُسی ترتیب میں پیش کریں جیسا کہ ہماری ڈاکومنٹ گائیڈ میں بتایا گیا ہے۔

**یورپی یونین میں داخل ہونے یا باہر آنے کے وقت 10000 یورو یا زائد نقد رقم کے متعلق بتانے کا فریضہ۔**

15 جون 2007ء کے بعد 10,000€ یا زائد رقم لے کر یورپی یونین میں آنے یا وہاں سے باہر جانے والے تمام مسافروں پر لازم ہے کہ وہ کسٹمز کو آگاہ کریں۔ یہ اقدام یورپی یونین کی سطح پر جرائم سے نمٹنے اور سیکورٹی بہتر بنانے کے سلسلے میں مدد کے لیے کیا گیا ہے تاکہ منی لانڈرنگ، دہشت گردی اور مجرمانہ سرگرمیوں کو روکا جا سکے۔

**اہم نوٹ:**

ویزا سیکشن میں بھی درخواست بلامعاوضہ فارم دستیاب ہیں۔ ویزا سیکشن کے باہر جو لوگ ویزے کے سلسلے میں خدمات پیش کرتے ہیں وہ نہ تو ویزا سیکشن کے لیے کام کرتے ہیں اور نہ اُنھیں ویزا سیکشن کی منظوری حاصل ہے۔

## وزیٹر ویزا

ویزا کاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کی خاطر آپ سے درخواست ہے کہ دستاویزات عین اُسی ترتیب میں پیش کریں جیسا کہ نیچے بتایا گیا ہے۔

1. درخواست گزار مختصر قیام کے لیے ویزا کا درخواست فارم پُر کر کے دستخط کرے۔
https://pakistan.diplo.de/blob/1673146/01d15e9b3a05c37933dcd9b89fb59624/application-shortterm-data.pdf

نابالغ کی صورت میں دونوں والدین دستخط کریں۔

2. درخواست گزار کی دو حالیہ تصاویر، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ۔ براہِ مہربانی تصویر کے سائز کے متعلق تفصیلات دیکھیں:
https://pakistan.diplo.de/blob/1673176/6e3eee9fd4d86e16aaefe0e92d809332/photos-samples-data.pdf

3. جرمنی میں اپنے میزبان کی طرف سے اصل دعوت نامہ اور کاپی (*Einladungs- und Verpflichtungserklärung*)۔

براہِ مہربانی یاد رکھیں:

اگر درخواست گزار اپنا خرچ اُٹھانے کے قابل ہے تو باضابطہ obligation لیٹر جمع کروانے کی ضرورت نہیں۔

ایسی صورت میں درخواست گزار کو.....

- ثبوت دینا ہو گا کہ اپنے سفر اور قیام کے دوران تمام اخراجات اُٹھانے کے لیے خاطر خواہ فنڈز اُس کے پاس موجود ہیں۔ اور
- جرمنی میں اپنے میزبان کی طرف سے لیٹر مہیا کرنا ہو گا جس میں وزٹ کا مقصد بتایا گیا ہو۔

4. درخواست گزار کی کمپنی / ایمپلائر کی جانب سے دستخط شدہ اصل لیٹر جس میں نام، عہدہ، تنخواہ، ملازمت کا دورانیہ، ایمپلائر کا ایڈریس اور نمبرز برائے رابطہ، Schengen ریاست یا ریاستوں میں جانے کا مقصد اور دورانیہ دیا گیا ہو۔ اگر درخواست گزار "طالب علم" ہے تو اُس کے سکول / کالج کی یا یونیورسٹی کی جانب سے اصل دستخط شدہ لیٹر۔

5. ذاتی آمدنی ثابت کرنے والے دستاویزات:
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔
   - گزشتہ تین تنخواہوں کی سلپس۔

   اگر درخواست گزار ایک کمپنی کا مالک (پروپرائیٹر) ہے تو اُسے مندرجہ ذیل منسلک کرنا ہوں گے:
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔

6. فلائٹ بکنگ کی کاپی۔

7. ایک عام پاسپورٹ یا دیگر باضابطہ سفری دستاویزات جو اپلائی کیے گئے ویزا کی مدت ختم ہونے کے بعد کم از کم تین ماہ تک کار آمد ہو۔ اس ڈاکومنٹ میں کم از کم دو صفحات خالی ہونے چاہئیں۔ براہِ مہربانی سابقہ پاسپورٹ (اگر ہوں) بھی ساتھ لائیں اور درخواست کے ساتھ A4 سائز کے کاغذ پر استعمال شدہ صفحات کی کاپیاں، Schengen، یو ایس، یو کے، کینیڈا، آسٹریلیا کے ویزوں کی کاپیاں منسلک کریں۔ اپنے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، اگر سابقہ پاسپورٹ گم گئے ہیں تو پولیس رپورٹ۔

8. اگر کسی سفارت خانے یا ہائی کمیشن نے آپ کو ویزا دینے سے انکار کیا ہے تو جانے کی وجہ کی تحریری وضاحت اور انکاری لیٹر۔

9. نادرا کی جانب سے جاری کردہ فیملی اصل رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور فوٹو کاپی (انگلش میں یا اگر اردو میں ہے تو تصدیق شدہ ترجمے کے

ساتھ)۔بچوں کی فہرست:
https://pakistan.diplo.de/blob/1673202/763fe5f1db602e11245d926d662688b9/listekinder-data.pdf

10. صرف ماں/باپ کے ساتھ سفر کرنے والے نابالغ(18 سال سے کم)بچوں کے لیے باپ/ماں کی طرف سے تحریری اجازت نامہ مع قومی شناختی کارڈ کی فوٹوکاپی۔
11. اپوائنٹمنٹ کی تصدیقی ای میل اور پاسپورٹ واپس لینے کے لیےAMEX سلپ۔
12. سکیورٹی کا سوالنامہ۔
13. کم از کم 30000 یورو کی ٹریول میڈیکل انشورنس پالیسی کی اصل اور کاپی۔ پالیسی میں Schengen علاقے میں قیام کے کارآمد عرصے تک میڈیکل اور ہسپتال میں علاج کے اخراجات کا احاطہ ہوا ہونا چاہیے اور واپس وطن لانے کے اخراجات بھی شامل ہوں۔
پاکستان میں مجاز انشورنس کمپنیوں(جنھیں اسلام آباد میںSchengenپارٹنرز نے منظور کیا ہے)کی فہرست دیکھیں:
https://pakistan.diplo.de/pk-en/service/05-VisaEinreise/6-health-insurances-seite/1673134
14. پاکستان میں مقیم کسی اور ملک کے شہریوں کو اپنی قانونی حیثیت کے ثبوت میں دستاویزات اور یہاں رہائش کا مجاز دورانیہ مہیا کرنا ہو گا۔

اصل دستاویزات میں سے جن کی ضرورت نہ ہوئی وہ پاسپورٹ کے ہمراہ واپس کر دیے جائیں گے، لیکن صرف اُس صورت میں جب درخواست گزار نے استدعا کے مطابق کاپیاں مہیا کی ہوں۔

## سیاحتی (ٹورسٹ) ویزا

ویزا کاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کی خاطر آپ سے درخواست ہے کہ دستاویزات **عین اسی ترتیب میں** پیش کریں جیسا کہ نیچے بتایا گیا ہے۔

1. درخواست گزار مختصر قیام کے لیے ویزا کا درخواست فارم پُر کر کے دستخط کرے۔ نابالغ کی صورت میں دونوں والدین فارم پر دستخط کریں۔
https://pakistan.diplo.de/blob/1673146/01d15e9b3a05c37933dcd9b89fb59624/application-shortterm-data.pdf
2. درخواست گزار کی دو حالیہ تصاویر، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ۔ براہِ مہربانی تصویر کے سائز کے متعلق تفصیلات دیکھیں:
https://pakistan.diplo.de/blob/1673176/6e3eee9fd4d86e16aaefe0e92d809332/photos-samples-data.pdf
3. رہائشی انتظامات کا ثبوت (تصدیق شدہ ہوٹل ریزرویشن، کرایہ نامہ جس میں آپ کا نام، عرصہ اور پتا واضح طور پر لکھا ہوا ہو) اور یہ سفر کے سارے دورانیے کا احاطہ کرتا ہو۔
4. درخواست گزار کی کمپنی / ایمپلائر کی جانب سے دستخط شدہ اصل لیٹر جس میں نام، عہدہ، تنخواہ، ملازمت کا دورانیہ، ایمپلائر کا ایڈریس اور نمبرز برائے رابطہ، Schengen ریاست یا ریاستوں میں جانے کا مقصد اور دورانیہ دیا گیا ہو۔ اگر درخواست گزار "طالب علم" ہے تو اُس کے سکول / کالج کی یا یونیورسٹی کی جانب سے اصل دستخط شدہ لیٹر۔
5. ذاتی آمدنی ثابت کرنے والے دستاویزات:
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔
   - گزشتہ تین تنخواہوں کی سلپس۔

   اگر درخواست گزار ایک کمپنی کا مالک (پروپرائیٹر) ہے تو اُسے مندرجہ ذیل منسلک کرنا ہوں گے:
   - گزشتہ چھ ماہ کی اصل بینک سٹیٹمنٹس۔
   - گزشتہ دو سال کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ (NTN) اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا ثبوت (FBR)۔
6. فلائٹ بکنگ کی کاپی۔
7. ایک عام پاسپورٹ یا دیگر باضابطہ سفری دستاویزات جو اپلائی کیے گئے ویزا کی مدت ختم ہونے کے بعد کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو۔ اس ڈاکومنٹ میں کم از کم دو صفحات خالی ہونے چاہئیں۔ براہِ مہربانی سابقہ پاسپورٹ (اگر ہوں) بھی ساتھ لائیں اور درخواست کے ساتھ A4 سائز کے کاغذ پر استعمال شدہ صفحات کی کاپیاں، Schengen، یو ایس، یو کے، کینیڈا، آسٹریلیا کے ویزوں کی کاپیاں منسلک کریں۔ اپنے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، اگر سابقہ پاسپورٹ گم گئے ہیں تو پولیس رپورٹ۔
8. اگر کسی سفارت خانے یا ہائی کمیشن نے آپ کو ویزا دینے سے انکار کیا ہے تو جانے کی وجہ کی تحریری وضاحت اور انکاری لیٹر۔
9. نادرا کی جانب سے جاری کردہ فیملی اصل رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور فوٹو کاپی (انگلش میں یا اگر اردو میں ہے تو تصدیق شدہ ترجمے کے ساتھ)۔ بچوں کی فہرست:
10. صرف ماں / باپ کے ساتھ سفر کرنے والے نابالغ (18 سال سے کم) بچوں کے لیے باپ / ماں کی طرف سے تحریری اجازت نامہ مع قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
11. اپوائنٹمنٹ کی تصدیقی ای میل اور پاسپورٹ واپس لینے کے لیے AMEX سلپ۔

12. سکیورٹی کا سوالنامہ۔
13. کم از کم 30000 یورو کی ٹریول میڈیکل انشورنس پالیسی کی اصل اور کاپی۔ پالیسی میں Schengen علاقے میں قیام کے کارآمد عرصے تک میڈیکل اور ہسپتال میں علاج کے اخراجات کا احاطہ ہوا ہونا چاہیے اور واپس وطن لانے کے اخراجات بھی شامل ہوں۔
پاکستان میں مجاز انشورنس کمپنیوں (جنھیں اسلام آباد میں Schengen پارٹنرز نے منظور کیا ہے) کی فہرست دیکھیں۔
14. پاکستان میں مقیم کسی اور ملک کے شہریوں کو اپنی قانونی حیثیت کے ثبوت میں دستاویزات اور یہاں رہائش کا مجاز دورانیہ مہیا کرنا ہو گا۔

## طبی علاج کے لیے ویزا

ویزا کاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کی خاطر آپ سے درخواست ہے کہ دستاویزات **عین اُسی ترتیب میں** پیش کریں جیسا کہ نیچے بتایا گیا ہے۔

| مطلوبہ دستاویزات | اضافی ہدایات |
|---|---|
| ایک درخواست فارم | - درخواست گزار کی جانب سے دستخط شدہ۔<br>- ٹائپ رائٹر کی مدد سے یا آن لائن پُر کیا ہوا: https://videx.diplo.de/videx/desktop/index.html#start |
| دو پاسپورٹ فوٹو | - چھ ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہوں۔<br>- کمپیوٹر پرنٹ آوٹ قابل قبول نہیں۔ |
| کارآمد پاسپورٹ | - پاسپورٹ اپلائی کیے ہوئے ویزے کی مدت ختم ہونے کے تین ماہ بعد تک کارآمد ہو۔<br>- صفحات 1 تا 4 کی کاپیاں۔<br>- سابقہ Schengen ویزوں کے علاوہ یو ایس، کینیڈا یا یو کے ویزوں کی کاپیاں۔ |
| سابقہ پاسپورٹس | اگر کوئی ہوں۔ |
| اپنے بچوں کی فہرست | |
| سکیورٹی سوالنامہ | |
| کارآمد ہیلتھ انشورنس | - اصل اور ایک کاپی جمع کروائیں۔<br>- اصل پر دستخط ہوئے ہوں۔<br>- براہِ مہربانی تسلی کر لیں کہ آپ کی انشورنس تمام Schengen ملکوں کا احاطہ کرتی ہے (نہ کہ صرف جرمنی کا)۔<br>https://pakistan.diplo.de/pk-en/service/05-VisaEinreise/6-health-insurances-seite/1673134 |
| تصدیق شدہ فلائٹ بکنگ | |
| پاکستان میں قبل ازیں علاج کے دستاویزات | |
| اپنے مطلوبہ علاج کے متعلق دستاویزات | - مثلاً تنخواہ کی سلپس، گزشتہ چھ ماہ کی بینک سٹیٹمنٹ۔<br>- جائیداد کا ثبوت (اگر ہو |

براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ مریض کے ہمراہ جانے والے شخص کو ٹورسٹ یا وزٹ ویزا کے لیے اپلائی کرنا اور متعلقہ دستاویزات جمع کروانا ہو گا۔

## ایئرپورٹ ٹرانزٹ ویزا

ایک پاکستانی شہری کے طور پر آپ کو ایئرپورٹ ٹرانزٹ ویزا کی ضرورت ہے (یعنی کسی ایئرپورٹ سے باہر جائے بغیر اُس کی ٹرانزٹ حدود کے اندر ہی رہنے کے لیے ویزا)۔

براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ ایئرپورٹ ٹرانزٹ ایریاز میں قیام صرف فرینکفرٹ/Main اور میونخ کے ایئرپورٹس پر 24 گھنٹے تک ہی ممکن ہے۔

اُسی روز ٹرانزٹ مندرجہ ذیل پر ممکن ہے:

| | |
|---|---|
| ہیمبرگ | 04.30am تا 11:30pm |
| کولون/بون | 04:30am تا 11:00pm |
| ڈسلڈورف | 06:00am تا 09:00pm |
| برلن Tegel (TXL) | 06:00am تا 11:00pm<br>بشرطیکہ ایئربرلن کی فلائٹ پر آمد اور روانگی ہو، 75 منٹ کے کم از کم کنکشن ٹائم کے ساتھ۔ |

تاہم، ایک پاکستانی شہری کے طور پر آپ کو **ایئرپورٹ ٹرانزٹ ویزا کی ضرورت نہیں**، اگر:

- آپ کے پاس کسی Schengen ملک کا رہائشی پرمٹ یا ویزا موجود ہے، یا
- آپ کے پاس اینڈورا، کینیڈا، جاپان، موناکو، سان مارینو یا یو ایس اے کا مستقل رہائشی پرمٹ ہے، یا
- آپ کے پاس آئرلینڈ، رومانیا، بلغاریہ، قبرص، لائیکٹنشٹائن، جاپان، کینیڈا یا یو ایس اے کا ویزا ہے، یا
- آپ کے خاندان کا کوئی فرد یورپی یونین کا شہری ہے، یا
- آپ کے پاس ڈپلومیٹک پاسپورٹ ہے۔

ویزا کاؤنٹر پر کارروائی کی رفتار تیز کرنے کی خاطر آپ سے درخواست ہے کہ دستاویزات **عین اسی ترتیب میں** پیش کریں جیسا کہ نیچے بتایا گیا ہے۔

| مطلوبہ دستاویزات | اضافی ہدایات |
|---|---|
| ایک درخواست فارم | - درخواست گزار کی جانب سے دستخط شدہ۔<br>- ٹائپ رائٹر کی مدد سے یا آن لائن پُر کیا ہوا: https://videx.diplo.de/videx/desktop/index.html#start |
| دو پاسپورٹ فوٹو | - چھ ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہوں۔<br>- کمپیوٹر پرنٹ آؤٹ قابل قبول نہیں۔ |
| کارآمد پاسپورٹ | - پاسپورٹ اپلائی کیے ہوئے ویزے کی مدت ختم ہونے کے تین ماہ بعد تک کارآمد ہو۔<br>- صفحات 1 تا 4 کی کاپیاں۔<br>- سابقہ Schengen ویزوں کے علاوہ یو ایس، کینیڈا یا یو کے ویزوں کی کاپیاں۔ |
| سابقہ پاسپورٹس | اگر کوئی ہوں۔ |

| | |
|---|---|
| حتمی منزل کے ملک کے لیے کارآمد ویزا | |
| کمپنی کا لیٹر | - اُس کمپنی کی طرف سے جاری کردہ جس میں آپ کام کرتے ہیں۔<br>- یہ لیٹر صرف اُس صورت میں ضروری ہے جب آپ دفتری امور کے سلسلے میں سفر کر رہے ہوں۔<br>- اگر آپ ذاتی حیثیت میں سفر کر رہے ہیں تو بتائیں کہ آپ کے سفر کا مقصد کیا ہے اور حتمی منزل کونسا ملک ہے۔ |
| اپنے بچوں کی فہرست | |
| پاکستان سے باہر مقیم رشتے داروں کی مکمل فہرست (بشمول بچے) | |
| سکیورٹی سوالنامہ | |
| کارآمد ہیلتھ انشورنس | - اصل اور ایک کاپی جمع کروائیں۔<br>- اصل پر دستخط ہوئے ہوں۔<br>- براہِ مہربانی تسلی کرلیں کہ آپ کی انشورنس تمام **Schengen** ملکوں کا احاطہ کرتی ہے (نہ کہ صرف جرمنی کا)۔<br>https://pakistan.diplo.de/pk-en/service/05-VisaEinreise/6-health-insurances-seite/1673134 |
| تصدیق شدہ دوطرفہ فلائٹ ٹکٹ | جس میں سفر کی تفصیل، روانگی اور آمد کے اوقات درج ہوں۔ |
| **صرف سفارت خانے میں درخواست جمع کروانے والوں کے لیے:** براہِ مہربانی تصدیق شدہ اپائنٹمنٹ کی ای میل کی کاپی مہیا کریں | بشمول دیا گیا بکنگ کوڈ بھی (مثلاً "isla_588207") |

## سٹوڈنٹ ویزا

بیرون ملک سٹڈیز کے لیے جرمنی کو منتخب کرنے والے غیر ملکی لوگوں کی تعداد ہر سال بڑھتی جارہی ہے۔ تمام پاکستان طالب علموں کو سٹڈی کے لیے جرمنی جاسکنے سے قبل پاکستان میں جرمن قونصلیٹ سے جرمن سٹوڈنٹ ویزا حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

### کیا آپ کو جرمنی میں سٹڈی کے لیے ویزا کی ضرورت ہے؟

- 3 ماہ تک کی سٹڈی کے لیے آپ Schengen ویزا کی ضرورت ہے۔
- 3 ماہ سے زائد کی سٹڈی کے لیے آپ کو جرمن نیشنل ویزا لینے کی ضرورت ہے۔

اگر آپ ایک نیشنل ویزا پر جرمنی میں داخل ہوں تو سٹڈیز کے لیے "فارنرز آفس" سے ایک جرمن رہائشی پرمٹ حاصل کرنے کے ذریعے اپنے قیام کو توسیع دینا ہوگی۔ یہ کام اپنے اینٹری ویزا کی مدت ختم ہونے سے پہلے پہلے کرلینا چاہیے۔

سب سے پہلے یہ معلوم کریں کہ کیا آپ کو جرمنی میں بطور انٹرنیشنل سٹوڈنٹ سٹڈی کرنے کے لیے ویزا کی ضرورت ہے یا نہیں، اور اگر ایسا ہے تو مطلوبہ سٹڈیز کی مدت اور نوعیت کو مدنظر رکھ کر کس قسم کا ویزا اپلائی کرنے کی ضرورت ہے۔

### جرمن سٹڈی ویزا کی اقسام

سٹڈی کے مختلف لیول اور ڈگریوں کے لیے آپ کو جرمن سٹڈی ویزا جاری کیا جاتا ہے۔ اِن میں انڈر گریجوایٹ، ایکسچینج، گریجوایٹ یا پوسٹ گریجوایٹ سٹڈیز شامل ہیں۔ یہ پری اکیڈمک یا غیر اکیڈمک جرمن لینگوئج کورس میں شمولیت کا بھی احاطہ کرتا ہے۔

### آپ تین طرح کے جرمنی سٹوڈنٹ ویزوں کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں:

- **جرمن سٹوڈنٹ ویزا:** یہ انٹرنیشنل سٹوڈنٹس کے لیے معیاری سٹوڈنٹ ویزا ہے جنھوں نے کسی جرمن یونیورسٹی میں داخلہ لیا ہو اور کل وقتی یونیورسٹی پروگرام میں اپنی سٹڈیز شروع کرنے کو تیار ہوں۔

- **جرمن سٹوڈنٹ درخواست گزار کے لیے ویزا:** آپ کو اِس ویزے کی ضرورت تب ہوتی ہے جب ذاتی طور پر یونیورسٹی میں داخلے کی درخواست دینے کے لیے آپ کا جرمنی میں موجود ہونا ضروری ہو۔ یہ ویزا آپ کو جرمنی میں سٹڈی کی اجازت نہیں دیتا؛ یہ صرف یونیورسٹی میں داخلے کی درخواست دینے کے لیے کارآمد ہے۔

- **جرمن لینگوئج کورس ویزا:** اِس قسم کا ویزا جرمنی میں ایک جرمن لینگوئج کورس کے لیے درکار ہے۔

## جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے ضروری باتیں

## آپ کے جرمنی سٹوڈنٹ ویزا کے عمل میں اہم ترین چیزیں یہ ہیں:

### ویزا کی درخواست کے لیے دستاویزات

- نیشنل ویزا کے لیے پوری طرح پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ درخواست فارم۔
- آپ کا کارآمد قومی پاسپورٹ۔
- آپ کے پاسپورٹ کی دو کاپیاں۔
- آپ کا پیدائشی سرٹیفکیٹ۔
- آپ کا نکاح نامہ (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
- آپ کے بچے کا پیدائشی سرٹیفکیٹ (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
- تازہ پاسپورٹ طرز کی فوٹوگرافس (3 تک)
- سابق جرمن رہائشی اجازت ناموں کی فوٹوکاپیاں (اگر اطلاق ہوتا ہو)۔
- سابقہ Schengen ویزا۔
- سابقہ جرمن رہائشی پرمٹ۔

- **مالی وسائل "Finanzierungsnachweis" کا ثبوت (مندرجہ ذیل میں سے ایک)**
  - جرمن بلاکڈ بینک اکاؤنٹ میں 8640€ ڈیپازٹ ہونے کی تصدیق۔
  - وعدے پر مبنی لیٹر اور اپنے والدین کی آمدنی کے ریکارڈز اور مالی اثاثوں کا ثبوت۔
  - ایک جرمن ریذیڈنٹ کی جانب سے وعدے پر مبنی لیٹر "Verpflichtungserklärung"۔" وہ جرمن ریذیڈنٹ یہ لیٹر Alien's رجسٹریشن آفس میں لے کر جاتا ہے جو آپ کی سٹڈیز کے دوران آپ کا خرچ اُٹھائے گا۔
  - سکالرشپ دیے جانے کا سرٹیفکیٹ۔ اِس میں خرچ پورا کرنے کی رقم کی نشان دہی ہونی چاہیے۔
  - بینک گارنٹی۔ منظور شدہ جرمن بینک کی جاری کردہ۔

- **یونیورسٹی میں داخلے کا ثبوت**
  - سٹڈیز میں داخلے کی تصدیق "Zulassungsbescheid"۔" جرمنی میں منظور شدہ اعلیٰ تعلیمی ادارے کی جانب سے جاری کردہ، جس میں آپ کی سٹڈیز شروع ہونا اور تدریسی زبان دکھائی گئی ہو۔
  - مشروط داخلے کا ثبوت "Bedingter Zulassungsbescheid" اور ایک مصدقہ باقاعدہ کورس "Intensiv-Sprachkurs"۔" لیٹر سے ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ پر شرط عائد کی گئی ہے اور آپ یونیورسٹی میں حتمی داخلہ ملنے سے قبل زبان کا ایک بھرپور کورس کریں گے۔ یہ کورس 6 ماہ سے زائد مدت کا ہونا چاہیے جس میں ایک ہفتے میں کم از کم 18 گھنٹے کے اسباق شامل ہوں۔

- یونیورسٹی میں مشروط داخلے کا ثبوت۔
  - ✓ uni-assist کی جانب سے لیٹر۔
  - ✓ ایک درخواست گزار کے طور پر داخلے کی تصدیق۔
  - ✓ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی بات چیت، حتمی داخلے کی شرائط کے حوالے سے۔
- لینگوئج کورس کی ادائیگی ہونے کا ثبوت۔ کورس میں تصدیق شدہ آسامی سمیت۔ ادائیگی کم از کم پہلے 3 ماہ کے لیے ہو۔

- کسی یونیورسٹی کے ابتدائی تیاری کے کورس "Studienkolleg" میں داخلے کی تصدیق۔
  - یونیورسٹی میں مشروط داخلے کا ثبوت۔
    - ✓ uni-assist کی جانب سے لیٹر۔
    - ✓ ایک درخواست گزار کے طور پر داخلے کی تصدیق۔
    - ✓ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی بات چیت، حتمی داخلے کی شرائط کے حوالے سے۔
  - کورس میں شریک کیے جانے کی تصدیق کا ثبوت۔

- **آپ کی سابقہ تعلیم کا ثبوت**
  - سکول چھوڑنے کا اصل سرٹیفکیٹ۔
  - ڈگری سرٹیفکیٹ (اگر آپ ماسٹر یا پی ایچ ڈی سٹڈیز میں داخلہ لے رہے ہیں)۔
- **سٹوڈنٹ ہیلتھ انشورنس**

https://www.studying-in-germany.org/health-insurance-germany-guide/

- **یونیورسٹی میں داخلے کی اہلیت**

https://www.studying-in-germany.org/german-higher-education-entrance-qualification/

- **جرمن یا انگلش زبان میں قابلیت کا سرٹیفکیٹ**

https://www.studying-in-germany.org/proof-of-language-proficiency-german-english/

## جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کیسے کرنا ہے؟

بہت سے انٹرنیشنل سٹوڈنٹس کے لیے جرمن سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست کا عمل کافی گڑبڑاہٹ کا باعث بن سکتا ہے۔ طریقہ کار ہر ملک کے لیے مختلف ہے، لیکن آپ ضروری مرکزی مراحل سے عمومی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

### جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کرنے کے مراحل مندرجہ ذیل ہیں:

1. **قریب ترین جرمن سفارت خانہ یا قونصلیٹ تلاش کریں۔** آپ گوگل کی مدد سے اپنے قریب واقع سفارت خانے یا قونصلیٹ کے متعلق جان سکتے ہیں (اپنے یا کسی قریبی ملک میں) تاکہ ضروری باتوں کے متعلق مزید معلومات لے سکیں اور ویزا حاصل کرنے کے لیے اپائنٹمنٹ لے سکیں۔ دیگر ممالک میں تمام سرکاری جرمن مشنز کی باضابطہ ویب سائیٹ پر پتہ اور رابطے کی معلومات وغیرہ بھی دی ہوتی ہیں۔
2. **ضروری باتوں اور طریقہ کار کا جائزہ لیں۔** جب آپ کو جرمن سفارت خانے کی ویب سائیٹ مل جائے تو **"سٹوڈنٹ ویزا سیکشن"** میں جائیں اور اپنے ملک کے حوالے سے **تمام تقاضوں اور ویزا اپائنٹمنٹ لینے کے طریقوں کا جائزہ لیں۔** ویزا اپائنٹمنٹ لینے سے پہلے تسلی کر لیں کہ آپ نے تمام فراہم کردہ معلومات کا محتاط انداز میں جائزہ لے لیا ہے (بالخصوص جن دستاویزات کی ضرورت ہو گی)۔
3. **ویزا اپائنٹمنٹ لیں۔** جب تیاری ہو جائے تو اپنے ملک کے جرمن سفارت خانے کی سرکاری ویب سائیٹ پر بیان کردہ مراحل پر عمل کر کے ایک ویزا اپائنٹمنٹ لیں۔ کچھ ملکوں میں آپ کو چند ہفتے پہلے ویزا اپائنٹمنٹ کے لیے اپلائی کرنا ہوتا ہے کیونکہ اُس مخصوص سفارت خانے کے پاس بہت سی ویزا درخواستیں موجود ہو سکتی ہیں اور اُنھیں آپ تک پہنچنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ وقت بہت اہم ہے، کبھی کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ سٹوڈنٹ ویزا انٹرویو کی تمام slots پُر ہو سکتی ہیں، لہٰذا تیزی سے عمل کریں۔
4. **ویزا کی درخواست سے متعلقہ تمام دستاویزات تیار رکھیں۔** ایک بار جب آپ کی ویزا اپائنٹمنٹ کی تاریخ پکی ہو جائے تو اپنی دستاویزات دوبارہ سے اچھی طرح چیک کر کے یقینی بنائیں کہ ہر چیز موجود ہے۔ آپ خود ہی یہ کام کر سکتے ہیں اور اپلائی کرنے کے لیے کسی بیرونی مشیر یا ایجنسیوں کو رقم ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔
5. **اپنے ویزا انٹرویو کی تیاری کریں۔** آپ کو ویزا درخواست کی فیس ادا کرنا ہو گی (€60.00 تا €75.00) اور اپنے ویزا انٹرویو کے وقت ادائیگی کی تصدیق آپ کے پاس ہونی چاہیے۔ ویزا مسترد ہونے کی صورت میں یہ رقم واپس نہیں ملے گی۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے ملک کی کرنسی کی شرحِ تبادلہ معلوم کریں اور پوری رقم ادا کریں۔ آپ کو اپنے انٹرویو کے لیے پیشگی تیاری کر لینی چاہیے۔ سٹوڈنٹ ویزا انٹرویو میں کچھ عام پوچھے جانے والے سوالات اور جوابات کے لیے یہ لنک استعمال کریں۔ جب انٹرویو ہو جائے تو آپ کو باضابطہ جواب موصول ہو گا کہ آپ کا ویزا منظور ہوا ہے یا مسترد۔

## جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے کب اپلائی کرنا چاہیے

**جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کرنے کا بہترین وقت** یونیورسٹی میں داخلے کا لیٹر وصول ہونے جرمنی میں رہنے اور سٹڈی کرنے کے لیے ضروری فنڈز یقینی بنا لینے کے فوراً بعد ہوتا ہے۔

یہ اہم ترین تقاضوں میں سے ایک ہے اور اگر آپ کو باقاعدہ سکالرشپ نہیں ملا تو دیگر ذرائع سے اپنے مالیاتی وسائل کا ثبوت مہیا کرنا ہو گا، جیسے ایک جرمن بلاکڈ اکاؤنٹ میں ڈپازٹ کروائے گئے فنڈز۔

### جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے پروسیسنگ کا دورانیہ

جرمن سٹوڈنٹ ویزا کے لیے درخواست کو پروسیس کیے جانے میں عموماً **25 دن تک** کا وقت لگتا ہے۔ پروسیسنگ کے دورانیے کا انحصار ملک اور جرمن سفارت خانے پر ہے (جہاں آپ نے اپلائی کیا)۔

سٹڈیز کے لیے تمام دیگر جرمن ویزا کی درخواستیں **عام طور پر تین ماہ کے اندر اندر** نمٹادی جاتی ہیں۔

### جرمن سٹوڈنٹ درخواست گزار ویزا

جرمن سٹوڈنٹ درخواست گزار ویزا آپ اُس وقت اپلائی کرتے ہیں جب آپ ذاتی طور پر یونیورسٹی میں داخلے کی درخواست دینے کے لیے جرمنی جانے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

یہ ویزا ابتدائی طور پر تین ماہ کے لیے ہوتا ہے، لیکن اگر ضرورت پڑے تو جرمنی پہنچنے پر اس میں مزید چھ ماہ کی توسیع کروائی جا سکتی ہے۔

اگر چھ ماہ میں آپ کو یونیورسٹی کے باضابطہ سٹڈی پروگرام یا یونیورسٹی کے ابتدائی تیاری کے مرحلے میں داخلے کا لیٹر موصول ہو جائے تو آپ جرمن سٹوڈنٹ ویزا یا سٹڈی کے لیے ایک رہائشی پرمٹ کی طرف رجوع کرنے کے قابل ہوں گے۔

### جرمنی میں اپنا سٹوڈنٹ رہائشی پرمٹ کیسے حاصل کیا جائے

1. **اپنے لیے مستقل مکان تلاش کریں۔** سٹڈیز کے لیے ویزے پر جرمنی آمد کے پہلے ہفتے میں آپ کو ایک مستقل رہائش کا انتظام کرنا ہوتا ہے۔
2. **ریذیڈنٹس آفس میں رجسٹر ہونا۔** اِس کے فوراً بعد آپ کو اپنا رہائشی پتہ مقامی ریذیڈنٹس آفس میں رجسٹر کروانا ہوتا ہے۔ رجسٹریشن ہو جانے پر آپ کو تصدیق "Meldebescheinigung" نامہ موصول ہو گا۔

### ایک انٹرنیشنل سٹوڈنٹ کے طور پر جرمنی میں رجسٹر ہونے کے لیے درکار دستاویزات مندرجہ ذیل ہیں:

- آپ کا کارآمد قومی پاسپورٹ یا قومی شناختی کارڈ۔ اِس سے ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ کے پاس ایک کارآمد ویزا موجود ہے۔
- کرایہ نامہ۔
- اپنے رہائشی پتے کا تصدیقی لیٹر۔ اپنے مکان کے مالک کی جانب جاری کردہ۔

3. سٹڈیز کے لیے داخلہ۔ آپ کو سٹڈیز میں حصہ لینے اور یونیورسٹی کے وسائل تک رسائی پانے کی خاطر یونیورسٹی میں باقاعدہ داخلہ لیناپڑے گا۔ یہ کام داخلے کی مدت کے اندر ہی کرنا ہو گا، داخلے کے لیٹر میں بتائی گئی ڈیڈلائن کے اندر۔

"میٹریکولیشن" نامی یہ عمل یونیورسٹی (جہاں آپ زیرِ تعلیم ہیں) کے سٹوڈنٹس افیئرز آفس "Studentensekretariat" دستاویزات کی ایک فہرست جمع کروانے پر مکمل ہوتا ہے۔ اِس کے علاوہ آپ کو ID اور پاس ورڈ اور آخر میں بطور سٹوڈنٹ ID حاصل کرنے سے قبل ایک سمسٹر کی فیس ادا کرنا ہو گی۔

### جرمنی میں ایک انٹرنیشنل سٹوڈنٹ کے طور پر یونیورسٹی سٹڈیز کے لیے درکار دستاویزات

- قومی پاسپورٹ / قومی شناختی کارڈ۔ اِس سے ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ کے پاس سٹڈیز کے لیے ایک کارآمد اینٹری ویزا موجود ہے (اگر آپ داخلے کے لیے ویزا کی اہلیت رکھنے والے شہری ہیں)۔
- سٹڈیز میں داخلے کی تصدیق۔
- جرمن یونیورسٹی میں داخلے کی اہلیت۔ یا مساوی اہلیت جو آپ کو جرمنی میں یونیورسٹی سٹڈیز شروع کرنے کی اجازت دے۔
- حالیہ پاسپورٹ سائز تصویریں۔
- سٹوڈنٹ ہیلتھ انشورنس۔

https://www.studying-in-germany.org/health-insurance-germany-guide/#foreign-students

نوٹ: آپ کی یونیورسٹی کا انٹرنیشنل آفس "*Akademisches Auslandsamt*" وہ کلیدی ایڈریس ہے جہاں آپ اپنی سٹڈیز اور رہائش کی ضروریات کے متعلق مختلف معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

4. سٹڈیز کے لیے رہائشی پرمٹ اپلائی کریں۔ چونکہ آپ نے سٹڈیز میں رجسٹریشن کروائی ہے اِس لیے آپ کو اپنے ویزے میں توسیع کے لیے مقامی فارنرز اتھارٹی "*Einwohnermeldeamt*" کے پاس سٹڈیز کے لیے رہائشی پرمٹ اپلائی کرنا ہو گا۔

### جرمنی میں سٹڈیز کے لیے رہائشی پرمٹ اپلائی کرنے کے لیے درکار دستاویزات

- رہائشی پرمٹ کے لیے پُر کیا ہوا درخواست فارم۔ اصل نام *Antrag auf Erteilung eines Aufenthaltstitels*۔
- آپ کا قومی پاسپورٹ / قومی شناختی کارڈ۔ اگر آپ ویزے پر داخل ہوئے ہیں تو ثابت ہو کہ آپ کے پاس ایک کارآمد اینٹری ویزا موجود ہے۔

- جرمنی میں آپ کا مستقل پتہ ظاہر کرنے والے دستاویزات۔
- رجسٹریشن کی تصدیق۔
- کرایہ نامہ۔
- مالک مکان کی جانب سے مستقل پتے کی تصدیق کا لیٹر۔
- حالیہ پاسپورٹ سائز تصاویر۔
- مالی وسائل کا ثبوت (وہی ثبوت بھیجیں جو آپ نے ویزا اپلائی کرتے وقت دیا تھا)۔
- سٹڈیز میں داخلہ ملنے کا ثبوت (مثلاً انرولمنٹ کا سرٹیفکیٹ، داخلے کی تصدیق، یا سٹڈیز میں مشروط داخلے کا ثبوت)۔
- درخواست فیس ادا کرنے کے لیے رقم۔ پہلی مرتبہ درخواست دینے کی فیس 100-56 یورو ہے، رہائشی پرمٹ کی توسیع کے لیے 96-49 یورو ادا کرنا پڑتے ہیں۔ ترک شہریوں کے لیے یہ 28.8 یورو ہے۔

## ہیلتھ انشورنس کمپنیوں کی فہرست

یہ انشورنس کمپنیاں Schengen کے تقاضے پورے کرتی ہیں۔

مندرجہ ذیل انشورنس کمپنیاں Schengen ریاستوں کے لیے کم از کم 30000 یورو کی سفری ہیلتھ انشورنس پیش کرتی ہیں جس میں میڈیکل علاج اور بیماری یا موت کی صورت میں وطن واپس لانے کا انتظام بھی شامل ہے۔ براہِ مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کی انشورنس پالیسی میں تمام Schengen ریاستوں (نہ کہ صرف جرمنی) کا ذکر واضح طور پر کیا گیا ہو۔

**معمر پاکستانی شہری (75 سال سے زائد عمر) نیچے دی گئی انشورنس کمپنیوں سے انشورنس نہیں کرواسکتے۔ تاہم، وہ مثلاً جرمنی میں اپنے رشتے داروں، دوستوں یا بزنس پارٹنرز کے ذریعے سفری ہیلتھ انشورنس کرواسکتے ہیں جس کی پیشکش مختلف جرمن انشورنس کمپنیاں کرتی ہیں۔**

براہ مہربانی تسلی کرلیں کہ آپ کی الیکٹرانک انداز میں جاری کردہ انشورنس پالیسی صرف جرمنی کی بجائے تمام Schengen ریاستوں کا احاطہ (cover) کرتی ہو۔

(اپ ڈیٹ: دسمبر 2016ء)

- آدم جی انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- ایشیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- عسکری جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- اٹلس انشورنس۔
- CHUBB انشورنس کمپنی لمیٹڈ (سابقہ نام ACE انشورنس لمیٹڈ)۔
- CICL (سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔

- کانٹی نینٹل انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- کریسنٹ سٹار انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- ایسٹ ویسٹ انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- ای ایف یو جنرل۔
- حبیب انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- آئی جی آئی۔
- جوبلی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- PICIC(پاکستان انڈسٹریل کریڈٹ انویسٹمنٹ کارپوریشن)۔
- پریمیئر انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔
- پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ۔
- شاہین انشورنس۔
- سندھ انشورنس۔
- SPIانشورنس کمپنی لمیٹڈ(سابقہ سعودی پاک)۔
- TPLڈائریکٹ انشورنس لمیٹڈ۔
- یوبی ایل انشوررز لمیٹڈ۔
- UIC(یونائیٹڈ انشورنس لمیٹڈ)۔
- یونیورسل انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔